## سوال

(47) اسلامی ثقافت و تہذیب

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اسلامی ثقافت و تہذیب کیا ہے؟ یا اس سے کیا مراد ہے؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اسلامی تہذیب و ثقافت کا بالاختصار مفہوم یہ ہے کہ زندگی کے جملہ معمولات کو فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق ڈھالا جائے۔ مثلاً حجامت لباس وضع قطع طرز معاشرت ستر و حجاب سلام کلام میل ملاقات کے آداب آداب مجالس آداب اکل و شرب دیانت و امانت اقامت عدل و انصاف جہادی مہمات و استعداد میں اسلامی اقدار و روایات کا لحاظ رکھنا وعدہ معاہدات کا احترام بلند اخلاق کا مظاہرہ طہارت و صفائی اختیار کرنا اسلامی تہذیب و ثقافت کے اہم ترین اجزاء ہیں۔

اسلام نے غیر اقوام کی نقالی سے ہمیں سختی سے منع کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

«من تشبہ بقوم فھو منھم» حسنہ وصححہ اللالبانی صحیح ابی داوٗد کتاب للباس باب فی لبس الشھوۃ (٤-٣١) الارواء (١٢٦٩) المشکاۃ (٤٣٤٧)

یعنی ''جو کسی قوم سے مشابہت اختیار کرتا ہے سو وہ ان سے ہے۔''

حدیث ہذا کی نہایت عمدہ تشریح و توضیح کے لئے ملاحظہ ہو: (فتاویٰ اہل حدیث: 3/338تا344 لشیخنا محدث روپڑی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

## ج1ص224